حضرت حسن بصریؒ کی طرف منسوب

ستر استغفار

پر مشتمل سات منزلیں

مرتب

علامہ قطب الدین رحمہ اللہ تعالیٰ

تصحیح، ترتیب وتزئین

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

حضرت حسن بصریؒ کی طرف منسوب

پر مشتمل سات منزلیں

مرتب

علامہ قطب الدین رحمہ اللہ تعالیٰ

تصحیح، ترتیب وتزئین

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

کتاب کا نام: ــــــــــ ستر استغفار

مصنّف: ــــــــــ مفتی سعد عبدالرزاق

طبع اول: ــــــــــ مئی 2017

ناشر: ــــــــــ المیزاب پبلشرز، کراچی، پاکستان

باہتمام: ــــــــــ نبیل احمد

عرض مرتب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

استغفار کے معنی ہیں حق تعالیٰ شانہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنا، بندہ گناہ گار ہے اور اللہ تعالیٰ سارے گناہوں کے معاف فرمانے والے ہیں اور اپنے بندے سے بہت زیادہ محبت کرنے والے ہیں، جب بندہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی بے بسی اور عجز اظہار کرتا ہے اور خود کو سراپا محتاج سمجھ کر رب ذوالجلال کی عظمت و کبریائی اور اس کی حمد وثناء کرتے ہوئے سائلانہ، فقیرانہ، والہانہ، بے قراری، تضرع اور الحاح وزاری کے ساتھ اپنے رب کے سامنے معافی کا طلب گار بنتا اس یقین کے ساتھ کہ اس کا رب اس کی پکار کو سن رہا ہے اور اس کو معاف کرنے پر قادر ہے تو رب ذوالجلال کی رحمتیں اس کی طرف متوجہ ہو جاتی ہیں، دریائے رحمت جوش مارتا ہے اور رحمتیں اور برکتیں اس بندہ کو اپنے گھیرے میں لے لیتی ہیں اور اس کو گناہوں سے ایسا پاک وصاف کر دیتی ہیں کہ گویا کبھی گناہ کیا ہی نہیں اور بندہ گویا گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے جیسا ابھی ماں کے پیٹ سے نکلا ہو۔

کچھ عرصہ سے بندہ اپنی ترتیب کردہ کتاب منتخب مسائل معلم الحجاج کی تصحیح وتخریج میں مشغول تھا اور بار بار ارشاد الساری علی مناسک ملا علی قاری کی طرف رجوع کرنے کا موقع ملا مذکورہ کتاب کے اخیر میں علامہ قطب الدین حنفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا ترتیب کردہ رسالہ **ادعیۃ الحج والعمرۃ** دیکھ کر دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ اردو زبان میں حج وعمرہ کی دعاؤں کے ذخیرہ کو مرتب کیا جائے الحمدللہ! اللہ جل شانہ کی توفیق سے اس مبارک کام کو کرنے کا موقع ملا، امید ہے رمضان المبارک میں وہ رسالہ بھی قارئین کی خدمت میں پیش

کرنے کی سعادت حاصل ہوگی، علامہ قطب الدین حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذکورہ رسالہ میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ستر استغفار بیان کئے گئے ہیں اور خصوصا منٰی میں قیام کی راتوں میں اور روزانہ تہجد کے وقت میں انہیں پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے، بہتر تو یہی ہے کہ روازانہ ان ستر استغفار کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں کی معافی مانگی جائے، ورنہ کم از کم ایک منزل جو دس استغفار پر مشتمل ہے کو اپنے معمولات کا حصہ بنایا جائے اللہ تعالیٰ مجھے بھی اور سب قارئین کو اس کی توفیق نصیب فرمائے، آمین۔

رمضان المبارک برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے جس میں روزانہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جہنم سے قیدی آزاد کئے جاتے ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ ان ستر استغفار کو الگ سے ترتیب دے کر اس کی اشاعت کی جائے۔

اپنی دعاؤں میں سعد عبدالرزاق کو میرے گھر والوں میرے والدین میرے بھائی حافظ بلال صاحب کو میرے اساتذۂ کرام خصوصا مولانا امداداللہ صاحب اور مولانا عمران داوٗد صاحب اور میرے عزیز دوست بھائی نبیل صاحب کو یاد رکھیں۔

کچھ لوگ جن کے مجھ پر بہت احسان ہیں اور اب وہ اس دنیا میں نہیں ہیں اور ان کا مجھ پر حق ہے خصوصا میرے شیخ محترم واصف بھائی رحمہ اللہ تعالیٰ اور میرے شہید استاد جی مولانا عطاء الرحمن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں یہ آپ حضرات کا مجھ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

25 مئی 2017 بمطابق ۲۸ شعبان

فہرست

آئیں توبہ کریں

یہ حقیقت ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے سوا کوئی فرد بشر معصوم نہیں، ہر انسان سے خطاء، لغزش اور غلطی کا صدور ہوسکتا ہے، لیکن بہترین خطاء کار وہ ہے جو اپنے کئے پر نادم وشرمسار ہو، جسے اس حقیقت کا احساس ہوجائے کہ میرا ہر عمل محفوظ کرلیا گیا ہے اور میرا رب مجھ سے اس بارے میں یقیناً پوچھے گا، لہٰذا اپنے رب سے ملاقات سے پہلے پہلے میں توبہ کرلوں تاکہ میرا رب مجھ سے راضی ہوجائے۔

یہی وجہ ہے کہ ایمان والوں کو بار بار گناہوں کے "تریاق" کی طرف متوجہ کیا گیا ہے، قرآن کریم کی دسیوں آیات مبارکہ توبہ واستغفار کی اہمیت بیان کرتی ہیں، سینکڑوں احادیث مبارکہ میں انابت اور رجوع الی اللہ پر روشنی ڈالی گئی ہے، تاکہ بندہ گناہ کا ارتکاب کرنے کے بعد مایوس و پریشان نہ ہوجائے چنانچہ قرآن کریم میں خطاکاروں کے لئے صاف اور واضح اعلان کردیا گیا ہے کہ:

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

"اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو"

(سورۃ الزمر، آیت ۵۳)

پھر سچے دل سے استغفار وتوبہ اور باری تعالیٰ کے سامنے اقرارِ معصیت سے

صرف گناہ ہی معاف نہیں ہوتے بلکہ دونوں جہانوں میں اس کے بدلے خیر و برکات بھی نصیب ہوتی ہیں، ایک حدیث مبارکہ میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ لَّزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

جو کوئی استغفار کو لازم پکڑے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر تنگی میں آسانی، ہر غم سے دوری (کا سامان) پیدا فرمائیں گے اور اسے ایسی جگہ سے رزق نصیب فرمائیں گے، جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

(سنن ابی داؤد، باب فی الاستغفار، رقم الحدیث:1518، ص:180)

دوسری حدیث مبارکہ میں ارشاد فرمایا گیا:

طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهِ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا

(قیامت کے روز) جو شخص اپنے نامۂ اعمال میں استغفار کی کثرت پائے، اس کے لیے خوش خبری ہے۔

(سنن ابن ماجہ، کتاب الأدب، رقم الحدیث:3818، ص 408)

استغفار کا عمل اللہ تعالیٰ کو بے حد محبوب ہے، ایک حدیث مبارکہ میں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، جس کا مفہوم اور خلاصہ ہے کہ:

"جب بندہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہے تو اس کی توبہ سے رب کریم اس سے زیادہ راضی (وخوش) ہوتے ہیں، جتنا تم میں سے کوئی (اس وقت ہوتا ہے جب وہ) اپنی سواری پر جنگل

وبیاباں میں جارہا ہو اوراچانک وہ سواری اس سے گم ہوجائے،اس حال میں کہ اس پراس کا کھانا پینا (بھی) رکھا ہو۔ وہ اس (کی واپسی) سے مایوس ہوجائے اور ایک درخت کے سائے میں آکر لیٹ جائے،ابھی وہ اسی حال میں ہو کہ اچانک دیکھے کہ وہ سواری اس کے پاس کھڑی ہے،بس وہ اس کی لگام تھام لے،پھر مسرت و شادمانی کے عالم میں یہ کہہ بیٹھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ عَبْدِیْ وَاَنَا رَبُّكَ

"اے اللہ! آپ میرے بندے اور میں آپ کا رب۔"

یعنی خوشی کے باعث غلط جملہ کہہ دے۔

(صحیح المسلم،کتاب التوبة،رقم الحدیث:2747، ص:1098)

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے اپنے مبارک عمل سے بھی امت کو استغفار کی طرف متوجہ فرمایا،ایک حدیث میں ارشاد فرمایا:

"اے لوگو! اللہ کے سامنے توبہ کرو، بے شک میں بھی دن میں سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔"

(صحیح المسلم،باب استحباب الاستغفار الخ،رقم الحدیث: 2702، ص:1083)

حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں کہ ہم ایک مجلس میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے سو مرتبہ (استغفار کا یہ کلمہ پڑھنا) شمار کیا کرتے تھے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

اے میرے رب مجھے معاف کردے اور میری توبہ قبول فرما

بے شک آپ توبہ قبول کرنے والے مہربان ہیں

(سنن ابی داؤد، باب فی الاستغفار، رقم الحدیث:1516، ص:180)

شیطان کا کام اللہ کے بندوں کے دلوں میں وسوسہ ڈال کر بندوں کو اللہ تعالیٰ سے مایوس کرنا ہے، ان ہی شیطانی وساوس کی وجہ سے بعض لوگ مایوسی میں مبتلا ہوکر یہ کہہ دیتے ہیں کہ "ہم توبہ کے باوجود گناہوں سے باز نہیں آرہے تو پھر ایسی توبہ اور ایسے استغفار کا کیا فائدہ؟" حالانکہ حدیث مبارکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَإِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

"جو شخص استغفار کرتا رہے، اسے (گناہ پر) اصرار کرنے والا نہیں سمجھا جائے گا، اگرچہ دن میں ستر مرتبہ اس گناہ کا ارتکاب کیوں نہ کرے۔"

(سنن ابی داؤد، باب فی الاستغفار، رقم الحدیث:1514، ص:180)

مذکورہ حدیث مبارکہ کی تشریح میں حضرات علمائے کرام فرماتے ہیں: "گناہ پر اصرار کرنے والا وہ ہے جو استغفار نہ کرے اور گناہ پر شرمندہ بھی نہ ہو۔" لہٰذا جو کوئی معصیت و گناہ کا کام کرے اور اس کے بعد استغفار کرلے اور اظہار ندامت سے کام لے، وہ برائی پر اصرار کرنے سے نکل گیا۔

آج ہم گناہوں کے سمندر میں غرق ہیں، قدم قدم پر رب کریم کی نافرمانیاں کررہے ہیں، ہماری صبح، ہماری شام، ہماری رات معصیتوں سے آلودہ ہیں، نفس و شیطان کے چنگل میں پھنس کر ہم اپنے رحیم و مہربان پروردگار کی

بغاوت کے مرتکب ہو رہے ہیں، دنیا کی محبت نے ہمیں آخرت سے غافل کر رکھا ہے، اس فانی، عارضی اور ختم ہو جانے والی زندگی کو ہم نے اپنا مطمحِ نظر بنایا ہوا ہے، خوف خدا، فکرِ آخرت اور بارگاہ الٰہی میں حاضری کا احساس معدوم ہوتا جا رہا ہے، نتیجہ سامنے ہے، کثرت ذنوب نے ہم پر آفات و بلیات اور مصائب و آلام کے وہ پہاڑ توڑے کہ الامان الحفیظ!

اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے گناہوں پر ندامت کے ساتھ آنسو بہائے جائیں رب کریم کے سامنے عاجزی اختیار کرتے ہوئے اس کے حضور توبہ و استغفار کی جائے تاکہ دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے محبوب بندوں میں شامل فرما کر اپنی رضا کا پروانہ نصیب فرما دیں، تو آئیں توبہ کریں اور اپنے رب کو منا لیں، جسے منانا ماں کو منانے سے زیادہ آسان ہے۔

پہلی منزل بروز جمعہ

١ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ قَوِیَ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس پر میرا جسم قادر ہوا

عَلَیۡهِ بَدَنِیۡ بِعَافِیَتِكَ وَنَالَتۡهُ قُدۡرَتِیۡ بِفَضۡلِ

آپ کی دی ہوئی عافیت کی وجہ سے اور اس گناہ پر میری طاقت کی رسائی ہوئی

نِعۡمَتِكَ وَانۡبَسَطَتۡ اِلَیۡهِ یَدِیۡ بِسِعَةِ

آپ کی نعمت کی فراوانی کی وجہ سے اور اس گناہ کی طرف میرا ہاتھ لپکا

رِزۡقِكَ وَ احۡتَجَبۡتُ عَنِ النَّاسِ بِسِتۡرِكَ

آپ کی دی ہوئی وسعت رزق کی وجہ سے اور میں لوگوں سے چھپا رہا

وَاتَّكَلۡتُ فِیۡهِ عِنۡدَ خَوۡفِیۡ مِنۡكَ عَلٰۤی اَمَانِكَ

آپ کی پردہ پوشی کی وجہ سے اور جب گناہ کرتے ہوئے خوف آیا بھی تو آپ کے امان پر

وَوَثِقۡتُ مِنۡ سَطۡوَتِكَ عَلَیَّ فِیۡهِ بِحِلۡمِكَ

بھروسہ کیا اور میں نے اعتماد کیا اس میں آپ کی گرفت سے بچنے کے لئے آپ کی بردباری پر

وَعَوَّلۡتُ فِیۡهِ عَلٰی كَرَمِ وَجۡهِكَ وَعَفۡوِكَ

اور میں نے بھروسہ کیا آپ کی ذات کے عفو وکرم پر

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يَدْعُو

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اِلٰى غَضَبِكَ أَوْ يُدْنِي مِنْ سَخَطِكَ أَوْ يَمِيلُ

جو آپ کے غضب کی طرف بلائے، یا آپ کی ناراضگی سے قریب کردے

بِيْ إِلٰى مَا نَهَيْتَنِي عَنْهُ أَوْ يُبَاعِدُنِي عَمَّا

یا مجھے اس چیز کی طرف مائل کردے جس سے آپ نے مجھے منع کیا ہے

دَعَوْتَنِي إِلَيْهِ

یا جس کی طرف آپ نے مجھے بلایا ہے اس سے دور کردے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْہُ لِیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٣ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِکُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اَسْلَمْتُ إِلَیْهِ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ بِغَوَایَتِیْ

جس پر میں نے آپ کی مخلوق میں سے کسی کو اپنی گمراہی کی وجہ سے لگایا ہو

أَوْ خَدَعْتُهُ بِحِیْلَتِیْ فَعَلَّمْتُهُ مِنْهُ مَا جَهِلَ

یا میں نے اس کو اپنے مکر سے دھوکہ دے کر اسے گناہ کا وہ راستہ سکھایا ہو جسے وہ نہیں جانتا تھا

وَزَیَّنْتُ لَهُ مَا قَدْ عَلِمَ وَ لَقِیْتُكَ غَدًا

اور میں نے خوبصورت بنا کر پیش کیا ہو جسے وہ جانتا تھا اور اب تو میں آپ سے کل ملوں گا اپنے

بِأَوْزَارِیْ وَأَوْزَارٍ مَعَ أَوْزَارِیْ

اور دوسروں کے گناہوں کے بوجھ سمیت

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْہُ لِیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَاخَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ یَدْعُو

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

إِلَی الْغَیِّ وَ یُضِلُّ عَنِ الرُّشْدِ وَ یُقِلُّ الْوَفْرَ

جو گمراہی کی طرف بلائے اور سیدھے راستے سے ہٹا دے اور وافر مال کو کم کردے

وَیَمْحَقُ التَّالِدَةَ وَیُخْمِلُ الذِّکْرَ وَیُقِلُّ الْعَدَدَ

اور خاندانی مال و دولت کو برباد کردے اور نیک نامی کو خاک میں ملادے اور نفری کو کم کردے

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْہُ لِیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَاخَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۵ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

أَتۡعَبۡتُ فِيۡهِ جَوَارِحِیۡ فِی لَيۡلِی وَنَهَارِیۡ وَقَدِ

جس میں میں نے اپنے اعضاء کو تھکا دیا اپنی رات میں اور اپنے دن میں

اسۡتَتَرۡتُ حَيَاءً مِّنۡ عِبَادِكَ بِسِتۡرِكَ

اور میں نے اپنے آپ کو آپ کے بندوں سے شرماتے ہوئے چھپایا آپ ہی کی پردہ پوشی کی وجہ

وَلَا سِتۡرَ إِلَّا مَا سَتَرۡتَنِی بِهٖ

سے اور درحقیقت آپ کی پردہ پوشی کے پردے کے علاوہ کوئی میری پردہ پوشی نہیں کرسکتا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰی سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغۡفِرۡهُ لِیۡ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيۡرَ الۡغَافِرِيۡنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۶ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

قَصَدَنِي بِهٖ أَعْدَائِي لِهَتْكِي فَصَرَفْتَ

جس سے میرے دشمنوں نے میری پردہ دری کا ارادہ کیا تو آپ نے

كَيْدَهُمْ عَنِّي وَ لَمْ تُعِنْهُمْ عَلٰى فَضِيحَتِي

ان کے مکروفریب کو مجھ سے پھیر دیا اور میری رسوائی پر آپ نے ان کی مدد نہیں فرمائی

كَأَنِّي لَكَ مُطِيعٌ وَنَصَرْتَنِي حَتّٰى كَأَنِّي لَكَ وَلِيٌّ

گویا کہ میں آپ کا فرمانبردار بندہ ہوں تو آپ نے میری اس طرح مدد فرمائی گویا میں آپ کا ولی

وَ إِلٰى مَتٰى يَا رَبِّ أَعْصِي فَتُمْهِلُنِي وَ طَالَمَا

ہوں اور کب تک اے میرے رب میں آپ کی نافرمانی کرتا رہوں گا اور آپ مجھے ڈھیل دیتے

عَصَيْتُكَ فَلَمْ تُؤَاخِذْنِي وَ سَأَلْتُكَ عَلٰى

رہیں گے؟ بہت عرصہ سے میں آپ کی نافرمانی کرتا رہا اور آپ نے میری گرفت نہیں فرمائی

سُوءِ فِعْلِي فَأَعْطَيْتَنِي فَأَيُّ شُكْرٍ يَقُومُ

اور میں باوجود اپنے برے کاموں کے آپ سے سوال کرتا رہا اور آپ مجھے عطا کرتے رہے،

عِنْدَكَ بِنِعْمَةٍ مِنْ نِعَمِكَ عَلَيَّ

اب کون سا ایسا شکر ہے جو آپ کی نعمتوں میں سے کسی ایک نعمت کے بدلہ میں بھی کیا جا سکتا ہو

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے

قَدَّمْتُ إِلَيْكَ تَوْبَتِي مِنْهُ وَوَاجَهْتُكَ

میں نے آپ کے سامنے اپنی توبہ پیش کی اور میں نے آپ کے سامنے آپ کی قسم اٹھائی

بِقَسَمِي بِكَ وَ أَشْهَدْتُّ عَلٰى نَفْسِي بِذٰلِكَ

اور اپنے اوپر آپ کے بندوں میں سے آپ کے اولیاء کو گواہ بنایا،

أَوْلِيَاءَكَ مِنْ عِبَادِكَ أَنِّي غَيْرُ عَائِدٍ إِلٰى

کہ میں آپ کی نافرمانی کی طرف پھر نہیں لوٹوں گا

مَعْصِيَتِكَ فَلَمَّا قَصَدَنِي اِلَيْهِ بِكَيْدِهٖ

پھر شیطان نے اپنے مکر سے اس میں مجھے پھنسانے کی کوشش کی

الشَّيْطَانُ وَمَالَ بِي إِلَيْهِ الْخِذْلَانُ وَدَعَتْنِي

اور رسوائی نے مجھے اس گناہ کی طرف مائل کردیا اور میرے نفس نے مجھے

نَفْسِي إِلَى الْعِصْيَانِ اِسْتَتَرْتُ حَيَاءً مِنْ

نافرمانی کی طرف دعوت دی تو میں نے آپ کے بندوں سے شرماتے ہوئے وہ گناہ چھپ کر کیا

عِبَادِكَ جَرَاءَةً مِنِّي عَلَيْكَ وَ أَنَا أَعْلَمُ أَنَّهُ

آپ پر اپنی طرف سے جرات کرتے ہوئے حالانکہ میں خوب جانتا ہوں

لَا يُكِنُّنِي مِنْكَ سِتْرٌ وَ لَا بَابٌ وَ لَا يَحْجُبُ

کہ آپ سے مجھے کوئی پردہ اور کوئی دروازہ چھپا نہیں سکتا اور آپ کی نظر کو کوئی حجاب

نَظَرَكَ حِجَابٌ فَخَالَفْتُكَ فِي الْمَعْصِيَةِ إِلَى

روک نہیں سکتا اس جاننے کے باوجود میں نے جان کر بھی مخالفت کی اس گناہ کے کرنے میں

مَا نَهَيْتَنِي عَنْهُ ثُمَّ مَا كَشَفْتَ السِّتْرَ

جس سے آپ نے مجھے منع کیا تھا، پھر بھی آپ نے پردہ فاش نہیں کیا،

وَسَاوَيْتَنِي بِأَوْلِيَاءِكَ كَأَنِّي لَا أَزَالُ لَكَ

بلکہ آپ نے مجھے اپنے اولیاء کے ساتھ اس طرح برابر رکھا گویا کہ میں ہمیشہ سے آپ کا

مُطِيعًا وَ إِلَى أَمْرِكَ مُسْرِعًا وَ مِنْ وَعِيدِكَ

فرمانبردار بندہ ہوں اور آپ کے حکم بجا لانے میں جلدی کرنے والا ہوں اور آپ کی وعید سے

فَازِعًا فَلَبِسْتُ عَلَى عِبَادِكَ وَ لَا يَعْلَمُ

ڈرنے والا ہوں، حالانکہ میں آپ کے بندوں پر مشتبہ رہا آپ کے سوا میرے بھید کو کوئی نہیں

سَرِيْرَتِيْ غَيْرُكَ فَلَمْ تَسِمْنِي بِغَيْرِ سِمَتِهِمْ

جانتا تھا لیکن پھر بھی آپ نے مجھے کسی نشانی کے ذریعہ ان سے الگ نہیں کیا

بَلْ أَسْبَغْتَ عَلَيَّ مِثْلَ نِعْمَتِهِمْ ثُمَّ

بلکہ آپ نے مجھ پر ان نیک لوگوں کی نعمتوں کی طرح کامل نعمت فرمادی

فَضَّلْتَنِي بِذٰلِكَ عَلَيْهِمْ كَأَنِّي عِنْدَكَ فِي

پھر مجھے ان پر ان نعمتوں کی وجہ سے برتری عطا فرمائی، گویا کہ میں بھی آپ کے نزدیک

دَرَجَتِهِمْ وَ مَا ذَاكَ إِلَّا لِحِلْمِكَ وَ فَضْلِ

ان کے رتبہ میں ہوں اور یہ سب کچھ جو مجھ پر آپ کا بے انتہاء کرم ہوا وہ آپ کے حلم بردباری

نِعْمَتِكَ فَضْلًا مِّنْكَ عَلَيَّ فَلَكَ الْحَمْدُ

آپ کی مزید نعمت اور آپ کی طرف سے سراسر احسان کے سوا کچھ نہیں تھا پس آپ ہی کے لئے

يَامَوْلَايَ فَأَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ كَمَا سَتَرْتَهُ عَلَيَّ

تمام تعریفیں ہیں اے میرے مولیٰ اب آپ ہی سے میں سوال کرتا ہوں کہ اے اللہ جیسے آپ

فِي الدُّنْيَا أَنْ لَا تَفْضَحَنِي بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نے میرے گناہوں پر دنیا میں پردہ ڈالا اسی طرح مجھے آخرت میں رسوا نہ کیجئے گا

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

سَهِرْتُ فِيهِ لَيْلَتِي فِي لَذَّتِي فِي التَّأَنِّي

جس کی لذت میں اور جس کے کرنے کے انتظار میں اور اس کے وجود

لِإِتْيَانِهِ وَ التَّخَلُّصِ إِلٰى وُجُودِهِ وَتَحْصِيلِهِ

اور اس کے حاصل کرنے تک کی رسائی میں میں نے اپنی رات بےخوابی میں گزاری

حَتّٰى إِذَا أَصْبَحْتُ حَضَرْتُ إِلَيْكَ بِحِلْيَةِ

یہاں تک کہ جب میں نے صبح کی تو میں آپ کے سامنے نیکوکاروں کا لبادہ اوڑھ کر

الصَّالِحِينَ وَأَنَا مُضْمِرٌ خِلَافَ رِضَاكَ

حاضر ہوا حالانکہ میں نافرمانی کی گندگی چھپائے ہوئے تھا آپ کی مرضی کے خلاف

يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ

اے رب العالمین (مجھے اپنے فضل سے معاف فرمادے)

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

ظَلَمْتُ بِسَبَبِهِ وَلِيًّا مِنْ أَوْلِيَائِكَ

جس کی وجہ سے میں نے آپ کے اولیاء میں سے کسی ولی پر ظلم کیا

ونَصَرْتُ بِهِ عُدُوًّا مِّنْ أَعْدَائِكَ أَوْ تَكَلَّمْتُ

یا اس کی وجہ سے میں نے آپ کے دشمنوں میں سے کسی دشمن کی مدد کی، یا میں نے اس میں

فِيهِ لِغَيْرِ مَحَبَّتِكَ أَوْ نَهَضْتُ فِيهِ إِلٰى غَيْرِ

آپ کی پسند کے خلاف بات کی، یا میں اس میں آپ کی مخالفت میں

طَاعَتِكَ اَوْ ذَهَبْتُ فِيْهِ اِلٰى غَيْرِ اَمْرِكَ

کھڑا ہوا، یا میں اس میں آپ کے حکم کے خلاف چلا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۱۰ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

يُوْرِثُ الضَّغْنَاءَ وَيُحِلُّ الْبَلَاءَ وَيُشْمِتُ

جو کینہ کو جنم دے اور مصائب کے اترنے کا سبب ہو اور ایسا گناہ

الْأَعْدَاءَ وَيَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَيَحْبِسُ الْقَطْرَ

جو دشمنوں کو ہنسنے کا موقع دے یا میرے اس گناہ کی وجہ سے دوسروں کی پردہ دری ہوتی ہو

مِنَ السَّمَاءِ

یا میرے گناہ کی وجہ سے بارش برسنے سے روک لی گئی ہو

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے
يَاخَيْرَ الْغَافِرِينَ
اے بہترین معاف کرنے والے

پہلی منزل بروز ہفتہ

١ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ أَلْهَانِي

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس نے مجھے اس سے غافل کر دیا

عَمَّا هَدَيْتَنِي إِلَيْهِ وأَمَرْتَنِي بِهِ أَوْ نَهَيْتَنِي

جس کی طرف آپ نے میری رہنمائی کی تھی اور اس کے کرنے کا آپ مجھے نے حکم دیا تھا، یا منع کیا

عَنْهُ أَوْ دَلَلْتَنِي عَلَيْهِ مِمَّافِيهِ الْحَظُّ لِي

تھا، یا آپ نے مجھے اس کی نشاندہی کی تھی جس میں میری ہی سعادت

والبُلُوغُ اِلٰى رِضَاكَ وَاتِّبَاعُ مَحَبَّتِكَ

اور آپ کی رضامندی تک رسائی تھی اور جس سے آپ کی رضا اور محبت حاصل ہوسکتی تھی

وَإِيْثَارُ الْقُرْبِ مِنْكَ

اور آپ کا قرب حاصل ہوسکتا تھا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۲ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

نَسِيْتُهُ فَأَحْصَيْتَهُ وَ تَهَاوَنْتُ بِهِ فَأَثْبَتَّهُ

جسے میں کر کے بھول گیا اور آپ نے اسے محفوظ رکھا، میں نے اسے معمولی سمجھ کر نظر انداز کردیا

وَجَاهَرْتُكَ بِهِ فَسَتَرْتَهُ عَلَيَّ وَلَوْ تُبْتُ

اور آپ نے اسے برقرار رکھا، میں نے آپ کے سامنے کھلم کھلا کیا اور آپ نے اسے چھپایا

إِلَيْكَ مِنْهُ لَغَفَرْتَهُ

اگر میں اس گناہ سے آپ کے سامنے توبہ کرتا تو یقیناً آپ اسے بخش دیتے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِیْ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۳ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِکُلِّ ذَنۡبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

تَوَقَّعۡتُ مِنۡكَ قَبۡلَ انۡقِضَائِهٖ تَعۡجِيلَ

جس کے پورے کرنے سے پہلے ہی مجھے آپ کی طرف سے فوری گرفت کی توقع تھی

الۡعُقُوبَةِ فَأَمۡهَلۡتَنِيۡ وَأَسۡبَلۡتَ عَلَيَّ سِتۡرًا

لیکن پھر بھی آپ نے مجھے مہلت دے کر بچائے رکھا اور آپ نے میری پردہ پوشی فرمائی

فَلَمۡ اٰلُ فِيۡ هَتۡكِهٖ عَنِّيۡ جُهۡدًا

پھر بھی میں نے اسے چاک کرنے میں اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں کی

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغۡفِرۡهُ لِيۡ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيۡرَ الۡغَافِرِيۡنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِکُلِّ ذَنۡبٍ نَهَيۡتَنِيۡ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے آپ نے مجھے منع کیا تھا

عَنْهُ فَخَالَفْتُكَ إِلَيْهِ وحَذَّرْتَنِي إِيَّاهُ فَأَقَمْتُ

لیکن میں نے آپ کی مخالفت کی، آپ نے مجھے اس سے ڈرایا تھا لیکن پھر بھی میں اس پر جما رہا

عَلَيْهِ وَقَبَّحْتَهُ عَلَيَّ فَزَيَّنَتْهُ لِي نَفْسِي

آپ نے اس کی برائی مجھ پر واضح فرمادی تھی پھر بھی میرے نفس نے اسے میرے لئے سجا دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

يَصْرِفُ عَنِّي رَحْمَتَكَ أَوْ يُحِلُّ بِي نِقْمَتَكَ

جو مجھ سے آپ کی رحمت کو پھیر دے، یا مجھ پر آپ کی ناراضگی نازل کردے

أَوْ يَحْرِمُنِي كَرَامَتَكَ أَوْ يُزِيلُ عَنِّي نِعْمَتَكَ

یا مجھے آپ کے اعزاز سے محروم کردے، یا آپ کی نعمتوں کو مجھ سے زائل کردے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٦ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

عَيَّرْتُ بِهِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ أَوْ قَبَّحْتُ مِنْ

جس پر میں نے آپ کی مخلوق میں سے کسی کو عار دلایا ہو، یا آپ کی مخلوق میں سے کسی کے گناہ کے

فِعْلِ أَحَدٍ مِنْ بَرِيَّتِكَ ثُمَّ تَقَحَّمْتُ عَلَيْهِ

خلاف ناراضگی کا اظہار کیا ہو لیکن پھر میں خود اس گناہ کے کرنے میں لگ گیا اور آپ کے سامنے

وَانْتَهَكْتُهُ جَرَاءَةً مِنِّي عَلَيْكَ

اپنی طرف سے جرات کرتے ہوئے اپنے چال چلن کو خراب کرلیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْہُ لِی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پراور مجھے معاف کردے

یَاخَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۷ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُکَ لِکُلِّ ذَنْبٍ تَوَرَّکَ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جو مجھ پر غالب آ گیا

عَلَیَّ وَوَجَبَ فِیْ شَیْءٍ فَعَلْتُہٗ بِسَبَبِ عَھْدٍ

اور جس کا میں حق دار ہوگیا ہوں کسی ایسے کام کو کرنے سے جسے میں نے کسی وعدے کی وجہ سے کیا

عَھِدْتُکَ عَلَیْہِ أَوْ عَقْدٍ عَقَدْتُّہٗ لَکَ أَوْ ذِمَّۃٍ

جو میں آپ سے کرچکا تھا یا کسی معاہدے کی وجہ سے جو میں نے آپ سے کیا تھا

اٰلَیْتُ بِھَا مِنْ أَجْلِکَ لِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ ثُمَّ

یا کسی ذمہ داری کی وجہ سے میں نے آپ کی مخلوق میں سے کسی کے لئے آپ کی قسم اٹھائی تھی

نَقَضْتُ ذٰلِکَ مِنْ غَیْرِ ضَرُوْرَۃٍ لَزِمَتْنِیْ فِیْہِ

پھر میں نے اس قسم کو توڑ دیا بغیر کسی شدید مجبوری کے جو مجھے پیش آئی ہو

بَلِ اسْتَنْزَلَنِیْ عَنِ الْوَفَاءِ بِہِ الْبَطَرُ

بلکہ مجھے اس قسم کو پورا کرنے سے غرور و تکبر نے روک دیا

وَاَسۡخَطَنِی عَنۡ رِعَایَتِهِ الۡأَشِرُ

اور مجھے اس عہد کی رعایت کرنے سے شیطان نے قہر آلود اور غضب ناک کر دیا

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰی سَیِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغۡفِرۡهُ لِی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَاخَیۡرَ الۡغَافِرِینَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ تُبۡتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے میں نے

إِلَیۡكَ مِنۡهُ وَأَقۡدَمۡتُ عَلٰی فِعۡلِهِ

آپ کے سامنے توبہ کی اور پھر اس کو کرنے کی جرات کی

فَاسۡتَحۡیَیۡتُ مِنۡكَ وَ أَنَا عَلَیۡهِ وَ رَهِبۡتُكَ

تو مجھے آپ سے شرم آئی اور میں اس میں مبتلا ہوچکا تھا اور میں آپ سے ڈر بھی رہا تھا

وَأَنَا فِیهِ ثُمَّ اسۡتَقَلۡتُكَ مِنۡهُ وَعُدۡتُّ إِلَیۡهِ

پھر میں نے اس گناہ سے آپ سے معافی مانگ لی لیکن پھر دوبارہ اس گناہ کی طرف لوٹ گیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ لَحِقَنِي

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس نے مجھے پالیا ہو

بِسَبَبِ نِعْمَةٍ أَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ فَتَقَوَّيْتُ بِهَا

آپ کی کسی ایسی نعمت کی وجہ سے، پھر اس نعمت کی وجہ سے جو مجھے قوت ملی

عَلٰى مَعَاصِيْكَ وَخَالَفْتُ فِيْهَا أَمْرَكَ

اسے آپ ہی کی نافرمانی میں خرچ کیا اور اس میں میں نے آپ کے حکم کی خلاف ورزی کی

وَأَقْدَمْتُ بِهَا عَلٰى وَعِيْدِكَ

اور آپ کی طرف سے وعید کے باوجود میں نے دلیری سے اس گناہ کو کیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَاخَیْرَ الْغَافِرِینَ

اے بہترین معاف کرنے والے

١٠ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

قَدَّمْتُ فِیهِ شَهْوَتِی عَلٰی طَاعَتِكَ وَ اٰثَرْتُ

جس کے کرنے میں میں نے آپ کی فرمانبرداری پر اپنی خواہش کو مقدم رکھا اور اپنی چاہت کو

فِیهِ مَحَبَّتِی عَلٰی أَمْرِكَ فَأَرْضَیْتُ نَفْسِی

آپ کے حکم پر ترجیح دے کر آپ کو ناراض کر کے اپنے نفس کو خوش کیا

بِغَضَبِكَ وَعَرَّضْتُهَا لِسَخَطِكَ إِذْ نَهَیْتَنِی

اور اپنے نفس کو آپ کے غضب کا حق دار بنایا ان گناہوں کو کرکے جن سے آپ نے منع فرمایا تھا

وَقَدَّمْتَ إِلَیَّ فِیهِ اِنْذَارَكَ وَ تَحَجَّجْتَ عَلَیَّ

اور ان کاموں کے بارے میں پہلے ہی سے مجھے آپ نے ڈرادیا تھا اور مجھے اپنی وعید کے ذریعہ

فِیهِ بِوَعِیدِكَ وَأَسْتَغْفِرُكَ اللّٰهُمَّ

ان سے روکا تھا اے اللہ میں آپ سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتا ہوں

وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
اور آپ کے حضور توبہ کرتا ہوں
فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے
يَاخَيْرَ الْغَافِرِينَ
اے بہترین معاف کرنے والے

١ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

عَلِمْتُهُ مِنْ نَفْسِي فَأَنْسَيْتُهُ أَوْ ذَكَرْتُهُ

جسے میں نے اپنے نفس سے جانا پھر اس گناہ کو بھول گیا یا یاد رکھا،

أَوْ تَعَمَّدْتُّهُ أَوْ أَخْطَأْتُ فِيْهِ وَهُوَ مِمَّا

یا اس گناہ کو جان بوجھ کر کیا یا غلطی سے کیا حالانکہ وہ گناہ ایسا ہے جس کے بارے میں

لَاأَشُكُّ أَنَّكَ مُسَئِلِيْ عَنْهُ وَ اَنَّ نَفْسِي بِهٖ

مجھے کوئی شک نہیں ہے کہ آپ اس کے بارے میں مجھ سے پوچھیں گے اور میری ذات

مُرْتَهَنَةٌ لَدَيْكَ وَإِنْ كُنْتُ قَدْ نَسِيتُهُ

اس گناہ کے بدلے آپ کے پاس گروی رکھی ہوئی ہے اگرچہ میں اس گناہ کو بھول گیا ہوں

وَغَفَلْتُ عَنْهُ نَفْسِي

اور اس سے میرا دل غافل ہو گیا ہے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

وَاجَهْتُكَ فِيْهِ وَقَدْ أَيْقَنْتُ أَنَّكَ

جسے میں نے آپ کے سامنے کیا حالانکہ مجھے یقین ہے کہ

تَرَانِيْ عَلَيْهِ فَنَوَيْتُ أَنْ أَتُوبَ إِلَيْكَ

بےشک آپ مجھے دیکھ رہے ہیں تو میں نے نیت کرلی تھی کہ میں اس گناہ سے توبہ کرلوں گا

مِنْهُ وَأُنْسِيْتُ أَنْ أَسْتَغْفِرَكَ مِنْهُ

اور ہوا یوں کہ مجھے آپ سے اس گناہ کی معافی مانگنا بھلا دیا گیا

اَنْسَانِيْهِ الشَّيْطَانُ

اور شیطان ہی نے مجھے بھلا دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَاخَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٣ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

دَخَلْتُ فِيهِ بِحُسْنِ ظَنِّي فِيكَ أَنَّكَ

جس کا میں نے ارتکاب کیا آپ کے بارے میں اس اچھے گمان کی بناء پر کہ آپ مجھے

لَاتُعَذِّبُنِي عَلَيْهِ وَرَجَوْتُكَ لِمَغْفِرَتِهِ

اس گناہ پر عذاب نہیں دیں گے اور مجھے آپ سے اس کی امید تھی کہ آپ مجھے معاف فرمادیں گے

فَأَقْدَمْتُ عَلَيْهِ وَ قَدْ عَوَّلْتُ نَفْسِي عَلٰى

تو میں نے وہ گناہ کرلیا اور اپنے آپ کو اعتماد دلایا اس بناء پر

مَعْرِفَتِي بِكَرَمِكَ أَنْ لَا تَفْضَحَنِي بِهِ بَعْدَ

کہ میں آپ کی کرم نوازی کو جانتا ہوں کہ آپ مجھے اس گناہ پر شرمندہ نہیں کریں گے

اِذْ سَتَرْتَهُ عَلَيَّ

اس لئے کہ آپ نے میری پردہ پوشی فرمائی تھی

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

۴ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اِسْتَوْجَبْتُ بِهٖ مِنْكَ رَدَّ الدُّعَاءِ وَحِرْمَانَ

جس کی وجہ سے میں اس بات کا مستحق ہوگیا کہ دعا رد ہوجائے اور قبولیت سے محرومی ہوجائے اور آپ

الْاِجَابَةِ وَخَيْبَةَ الطَّمَعِ وَانْقِطَاعَ الرَّجَاءِ

سے وابستہ آرزوئیں پوری نہ ہوں اور آپ کی رحمت سے باندھی ہوئی امیدیں ٹوٹ جائیں

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٥ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

یُورِثُ الْأَسْقَامَ وَ الضِّنٰی وَیُوجِبُ النِّقَمَ

جس کی نحوست بیماریوں میں مبتلا کرکے کمزور و لاغر کردینے کا سبب ہو اور سزا کو ضروری کردے

وَالْبَلَاءَ وَ یَكُونُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَسْرَةً

اور بلاؤں کو اتروادے اور قیامت کے دن حسرت اور ندامت کا باعث ہو

وَّنَدَامَةً

(اے اللہ مجھے معاف کردے)

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

يَعْقِبُ الْحَسْرَةَ وَيُورِثُ النَّدَامَةَ

جو انجام کے اعتبار سے حسرت اور ندامت کا سبب بنے

وَيَحْبِسُ الرِّزْقَ وَيَرُدُّ الدُّعَاءَ

اور رزق کو روک دے اور دعا کو لوٹا دے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٧ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

مَدَحْتُهُ بِلِسَانِي أَوْ أَضْمَرْتُهُ بِجَنَانِي

جس گناہ کی میں نے اپنی زبان سے تعریف کی، یا میں نے اسے اپنے دل میں چھپایا

أَوْهَشَّتْ إِلَيْهِ نَفْسِي أَوْ أَثْبَتُّهُ بِلِسَانِيْ

یا میں اس پر خوش ہوا یا بزور زبان اس کو صحیح قرار دیا

أَوْ اَتَيْتُهُ بِفِعَالِيْ أَوْ كَتَبْتُهُ بِيَدِيْ

یا اپنے افعال سے کیا یا میں نے اپنے ہاتھ سے اسے لکھا

أَوِ ارْتَكَبْتُهُ أَوْ ارْكَبْتُ فِيْهِ عِبَادَكَ

یا اس گناہ کا میں نے ارتکاب کیا یا آپ کے بندوں کو اس گناہ میں لگا دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ

حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

خَلَوْتُ بِهِ فِيْ لَيْلِيْ وَ نَهَارِيْ وَ أَرْخَيْتُ فِيْهِ

جسے میں نے دن یا رات میں خلوت میں کیا اور آپ نے مجھ پر

عَلَی السِّتَارَ حَيْثُ لَا يَرَانِي فِيهِ إِلَّا أَنْتَ
پردہ لٹکائے رکھا تاکہ مجھے سوائے آپ کے کوئی نہ دیکھے
يَا جَبَّارُ فَارْتَابَتْ نَفْسِي فِيهِ وَتَحَيَّرَتْ
اے جبار! تو میرا نفس شک میں پڑگیا اور میں حیرت میں مبتلا ہوگیا
بَيْنَ تَرْكِي لَهُ لِخَوْفِكَ وَانْتِهَاكِي لَهُ لِحُسْنِ
کہ آپ کے خوف کی وجہ سے اس گناہ کو چھوڑ دوں یا آپ سے حسن ظن کی بناء پر
الظَّنِّ فِيكَ فَسَوَّلَتْ لِي نَفْسِيَ الْإِقْدَامَ
اس گناہ میں لگا رہوں تو میرے نفس نے اس گناہ میں مبتلا ہونا میرے لئے مزین کردیا
عَلَيْهِ وَأَنَا عَارِفٌ بِمَعْصِيَتِي فِيهِ لَكَ
حالانکہ میں جانتا تھا کہ اس کام کے کرنے میں آپ کی نافرمانی ہے
فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے
يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ
اے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اسْتَقْلَلْتُهُ فَاسْتَعْظَمْتَهُ وَ اسْتَصْغَرْتُهُ

جسے میں نے معمولی سمجھا اور وہ آپ کے نزدیک عظیم تھا اور میں نے اسے چھوٹا گناہ سمجھا

فَاسْتَكْبَرْتَهٗ وَوَرَّطَنِي فِيهِ جَهْلِي بِهٖ

اور وہ آپ کے نزدیک بڑا گناہ تھا اور مجھے نادانی نے ہلاکت میں ڈال دیا

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

١٠ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اَضْلَلْتُ بِهٖ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ أَوْ أَسَأْتُ بِهٖ

جس کی وجہ سے میں نے آپ کی مخلوق میں سے کسی کو گمراہ کیا یا آپ کی مخلوق میں سے

إِلٰى أَحَدٍ مِنْ بَرِيَّتِكَ أَوْ زَيَّنْتُهُ لِي نَفْسِي
کسی کے ساتھ برا سلوک کیا یا میرے نفس نے میرے لئے اس گناہ کو خوبصورت
أَوْ أَشَرْتُ بِهِ إِلٰى غَيْرِي أَوْ دَلَّلْتُ عَلَيْهِ
بنا کر پیش کیا یا میں نے اپنے علاوہ کسی اور کو اس کا مشورہ دیا یا اس کی طرف
سِوَايَ أَوْ أَصْرَرْتُ عَلَيْهِ بِعَمْدِي أَوْ أَقَمْتُ
کسی کی رہنمائی کی یا جان بوجھ کر اس گناہ پر اصرار کیا
عَلَيْهِ بِجَهْلِي
یا اپنی جہالت کی وجہ سے وہ گناہ کرتا رہا
فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے
يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ
اے بہترین معاف کرنے والے

پہلی منزل بروز پیر

۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّىٓ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

خُنْتُ بِهٖ أَمَانَتِي أَوْ اَحْسَنْتُ لِيْ نَفْسِي

جس کے ذریعے میں نے اپنی امانت میں خیانت کی یا میرے لئے میرے نفس نے اس گناہ کو کرنا

فِعْلَهٗ أَوْ أَخْطَأْتُ بِهٖ عَلٰى بَدَنِي أَوْ قَدَّمْتُ

خوبصورت بنا دیا، یا میں نے اپنے بدن کو اس گناہ کے کرنے کی غلطی میں ڈالا، یا میں نے اس میں اپنی

فِيهِ عَلَيْكَ شَهْوَتِي أَوْ كَثَّرْتُ فِيهِ لَذَّتِي

شہوت کو مقدم کیا، یا میں نے اس گناہ کے کرنے میں زیادہ لذت پائی،

أَوْ سَعَيْتُ فِيهِ لِغَيْرِي أَوِ اسْتَغْوَيْتُ إِلَيْهِ

یا میں نے اس گناہ کے کرنے میں کسی اور کی وجہ سے کوشش کی، یا میں نے اپنی اتباع کرنے والوں کو

مَنْ تَابَعَنِي أَوْ كَابَرْتُ فِيهِ مَنْ مَانَعَنِي

اس گناہ کے بارے میں گمراہ کیا، یا میں نے اس گناہ سے روکنے والے سے دشمنی کی،

أَوْ قَهَرْتُ عَلَيْهِ مَنْ غَلَبَنِي أَوْ غَلَبْتُ عَلَيْهِ

یا اس گناہ سے روکنے والے کے غلبہ پانے پر میں اس پر غالب آ گیا، یا اپنے کسی حیلے سے میں اس

بِحِيلَتِي أَوِ اسْتَزَلَّنِي إِلَيْهِ مَيْلِي

پر غالب آ گیا یا مجھے میری خواہش نے مجھے اس گناہ میں مبتلا کر دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اِسْتَعَنْتُ عَلَيْهِ بِحِيلَةٍ تُدْنِي مِنْ غَضَبِكَ

جس پر میں نے اپنے کسی ایسے حیلے سے مدد حاصل کی جس نے مجھے آپ کے غضب کے قریب کر دیا،

أَوِ اسْتَظْهَرْتُ بِنَيْلِهِ عَلٰى أَهْلِ طَاعَتِكَ

یا میں نے اسے حاصل کرنے کے لئے آپ کے فرمانبرداروں پر غلبہ حاصل کیا،

أَوِ اسْتَلَمْتُ بِهِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ إِلٰى

یا میں نے اس کے ذریعے آپ کی مخلوق کو آپ کی نافرمانی کی طرف مائل کیا،

مَعْصِيَتِكَ أَوْ رُمْتُهُ وَ رَاءَيْتُ بِهٖ عِبَادَكَ

یا اس کا ارادہ کیا اور آپ کے بندوں کو دکھلایا

أَوْ لَبِسْتُ عَلَيْهِمْ بِفِعَالِي كَأَنِّيْ بِحِيْلَتِيْ

اور اپنے افعال سے ان کو دھوکہ میں ڈالا کہ میں اپنے اس حیلے کے ذریعے

أُرِيْدُكَ وَالْمُرَادُ بِهٖ مَعْصِيَتُكَ وَالْهَوٰى

آپ (اللہ) کی رضا چاہ رہا ہوں حالانکہ میرا مقصود اس سے آپ کی نافرمانی کرنا تھا

مُنْصَرِفٌ عَنْ طَاعَتِكَ

اور میری خواہش تو آپ کی اطاعت سے پھری ہوئی تھی

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو اے میرے رب درود وسلام اور برکت بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور مجھے معاف کردے

يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اے بہترین معاف کرنے والے

٣ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ كَتَبْتَهُ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

عَلَيَّ بِسَبَبِ عُجُبٍ كَانَ مِنِّي بِنَفْسِي

جس کو آپ نے مجھ پر لکھا ہے بسبب اس خودپسندی کے جو مجھے اپنے اوپر تھی،

أَوْ رِيَاءٍ أَوْ سُمْعَةٍ أَوْ حِقْدٍ أَوْ شَحْنَاءٍ

یا ریا کاری کی وجہ سے، یا دکھلاوے کی وجہ سے، یا کسی مسلمان سے کینہ وبغض رکھنے کی وجہ سے،

